فارم نمبر ایس ای/جی-9

Download / Photo Copy

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور

## درخواست فارم برائے تبدیلی بورڈ

فیس مبلغ -/1000 روپے (بذریعہ حبیب بینک چالان)
(لاہور بورڈ سے کسی دوسرے بورڈ/یونیورسٹی میں جانے کے لیے) فارم میں طالب علم اپنے کوائف خود درج کرے
نامکمل فارم قبول نہیں کیا جائیگا۔

(تصویر یہاں چسپاں کریں)

**دفتری استعمال کیلئے**

ڈائری نمبر---------- رجسٹریشن
بینک چالان نمبر---------- ----------
مورخہ---------- کے تحت
مبلغ---------- روپے وصول ہوئے

دستخط اسسٹنٹ بجٹ سیکشن

توجہ:۔ فارم پر کرنے سے قبل اس کی پشت پر درج ہدایات وقواعد وضوابط کے مطابق عمل کیجئے اپنی سند/سرٹیفکیٹ/رزلٹ کارڈ اور رجسٹریشن کارڈ کی مصدقہ فوٹو کاپیاں اس فارم کے ساتھ مہیا کیجئے۔

1۔ طالب علم کا نام (اردو میں)---------- انگریزی میں----------

2۔ والد کا نام (اردو میں)---------- انگریزی میں----------

3۔ لاہور بورڈ میٹرک کا انرولمنٹ نمبر---------- 4۔ لاہور بورڈ انٹرمیڈیٹ کا رجسٹریشن نمبر----------

5۔ لاہور بورڈ سے سیکنڈری سکول امتحان دینے کا سال---------- (سالانہ/ضمنی) بورڈ کا رول نمبر----------
تاریخ پیدائش---------- حاصل کردہ نمبر---------- یا مضامین جن میں فیل ہوا----------
کس سکول سے ریگولر امتحان دیا تھا---------- اگر پرائیویٹ ہو تو ضلع کا نام----------

6۔ لاہور بورڈ کی حدود میں واقع سکول کا نام جس میں پہلی دفعہ داخلہ لیا----------
داخلہ لینے کی تاریخ---------- داخلہ کا سال---------- کلاس---------- کلاس رول نمبر----------
(زیر تعلیم طلباء/طالبات رجسٹریشن کارڈ/سکول چھوڑنے کے سرٹیفکیٹ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی منسلک کریں)

7۔ لاہور بورڈ سے انٹرمیڈیٹ امتحان دینے کا سال---------- (سالانہ/ضمنی) بورڈ کا رول نمبر----------
حاصل کردہ نمبر---------- یا مضامین جن میں فیل ہوا----------
کس کالج سے ریگولر امتحان دیا تھا---------- اگر پرائیویٹ ہو تو ضلع کا نام----------

8۔ لاہور بورڈ کی حدود میں واقع کالج کا نام جس میں پہلی دفعہ داخلہ لیا ہو یا لینا چاہتا ہو----------
داخلہ لینے کی تاریخ---------- داخلہ لینے کا سال---------- کلاس---------- کلاس رول نمبر----------
سیکشن---------- گروپ---------- (زیر تعلیم طلباء/طالبات رجسٹریشن کارڈ/کالج چھوڑنے کے سرٹیفکیٹ کی تصدیق شدہ کاپی منسلک کریں)۔

9۔ کلاس جس میں طالبعلم داخلہ لینا چاہتا ہو یا لے لیا ہو---------- یا امتحان کا نام جس میں طالب علم شرکت کرنا چاہتا ہو یا کر چکا ہو---------- یونیورسٹی یا بورڈ یا ادارہ کا نام جس میں تبدیلی کروائی مطلوب ہے----------

10۔ فیس جمع کروانے کا اصل حبیب بنک چالان اس فارم کی پشت پر چسپاں کریں۔
حبیب بینک کی شاخ کا نام---------- چالان نمبر---------- تاریخ---------- ادا کردہ فیس مبلغ----------

11۔ تبدیلی کروانے کی وجوہات----------

12۔ موجودہ پتہ----------

دستخط والد/سرپرست ---------- پیشہ والد/سرپرست ---------- تاریخ ---------- دستخط طالب علم ----------

**صرف دفتر کے استعمال کے لیے**

امیدوار نے مطلوبہ شرائط پوری کر دی ہیں لہٰذا اس کو تبدیلی بورڈ کا اجازت نامہ جاری کرنے کی اجازت دی جاتی ہے

متعلقہ کلرک

سپرنٹنڈنٹ

اسسٹنٹ سیکرٹری (رجسٹریشن)

**رجسٹرڈ**

نام----------
والد کا نام----------
پتہ----------
----------
----------

(سرٹیفکیٹ منگوانے کے لیے پتہ)

# ہدایات و قواعد و ضوابط

**ضروری ہدایت** اس فارم کو ڈاؤن لوڈ کرنے یا فوٹو کاپی استعمال کرنے کی صورت میں مبلغ-/50 روپے اضافی جمع کرانے ہونگے۔

1۔ اجازت نامہ برائے تبدیلی بورڈ کی فیس مبلغ-/1000 روپے حبیب بنک لمیٹڈ 86۔مزنگ روڈ۔لاہور یا بورڈ سے منظور شدہ بینک کی کسی شاخ میں جمع کرائیں اور اصل حبیب بینک چالان فارم کی پشت پر چسپاں کریں( یہ فیس ناقابل واپسی ہے)جمع کرائی گئی فیس صرف تین ماہ (90 ایام) تک کارآمد ہوگی۔

2۔ اجازت نامہ برائے تبدیلی بورڈ صرف اُس طالب علم کو جاری کیا جائے گا جو بطور پرائیویٹ اُمیدوار یا سکول یا کالج کے طالب علم کی حیثیت سے لاہور بورڈ میں رجسٹرڈ ہو چکا ہو اگر کسی طالب علم نے لاہور بورڈ کی حدود میں واقع کسی سکول کی نہم/کالج کی گیارہویں جماعت میں داخلہ لیا ہو لیکن اُسکو ابھی سکول/کالج کا رجسٹریشن کارڈ نہ ملا ہو اور وہ کسی دوسرے بورڈ یا یونیورسٹی میں تبدیلی کروانا چاہتا ہو۔ تو وہ پہلے رجسٹریشن کروانے کے لیے (i) رجسٹریشن فارم (ii) رجسٹریشن فیس مبلغ-/700 روپے (مع اصل حبیب بنک چالان) سکول/کالج پرنسپل کی وساطت سے اس فارم کے ساتھ ارسال کرے۔رجسٹریشن ہونے کے بعد ہی تبدیلی کا اجازت نامہ جاری کیا جائیگا۔

3۔ اجازت نامہ برائے تبدیلی بورڈ کی ڈپلیکیٹ (ثنیٰ) نقل دوبارہ فیس مبلغ-/1000 روپے جمع کروانے کی صورت میں جاری کی جائیگی۔ بشرطیکہ اس فارم کے ہمراہ کسی مجسٹریٹ یا گزیٹڈ افسر سے تصدیق شدہ ایک حلف نامہ اشٹامپ پیپر پر اس امر کا بھیجا جائے کہ بورڈ سے پہلے کا جاری شدہ اصل سرٹیفکیٹ گم ہو چکا ہے اور کسی دوسرے مقصد کے لیے استعمال نہیں کیا گیا حلف نامہ کے بغیر ثنیٰ نقل جاری نہیں کی جائے گی۔

4۔ اگر کسی طالب علم نے میٹرک کا امتحان لاہور بورڈ کی بجائے کسی دوسرے بورڈ یا یونیورسٹی سے پاس کرنے کے بعد لاہور بورڈ کی علاقائی حدود میں واقع کسی کالج میں داخلہ لیا ہو۔لیکن اُسے ابھی کالج سے رجسٹرڈ کارڈ نہ ملا ہو اور وہ کسی دوسرے بورڈ یا یونیورسٹی میں تبدیلی کروانا چاہتا ہو تو وہ پہلے رجسٹریشن کروانے کے لیے (i) رجسٹریشن فارم (ii) رجسٹریشن فیس مبلغ-/700 روپے (مع اصل حبیب بینک چالان) (iii) سابقہ بورڈ کا اصل سرٹیفیکیٹ یا تفصیلی نمبروں کا سٹیفکیٹ (iv) سابقہ بورڈ سے تبدیلی کا اجازت نامہ اپنے کالج کے پرنسپل کی وساطت سے اس فارم کے ہمراہ ارسال کرے۔رجسٹریشن ہونے کے بعد ہی تبدیلی کا اجازت نامہ جاری کیا جائیگا۔

5۔ میٹرک/سیکنڈری سکول کے امتحان میں انرولمنٹ کی سکیم 1971ء کے امتحان سے شروع کی گئی ہے۔جو طالب علم سیکنڈری سکول کا امتحان 1971ء سے پہلے فیل یا پاس کر چکا ہو۔اُس کو انرولمنٹ نمبر کے بغیر ہی اجازت نامہ برائے تبدیلی بورڈ جاری کیا جائیگا۔

6۔ ایسے طالب علم جو 1955ء سے پہلے میٹرک/انٹرمیڈیٹ/ادیب عالم فاضل کے امتحان میں شرکت کرنے کے بعد فیل یا پاس ہو گئے ہوں۔وہ درخواست برائے تبدیلی بورڈ رجسٹرار پنجاب یونیورسٹی لاہور کے نام ارسال کریں۔

7۔ جس طالب علم نے لاہور بورڈ کی علاقائی حدود میں واقع کسی سکول کی نہم/کالج کی گیارہویں جماعت میں بورڈ کی مقرر کردہ تاریخ کے بعد داخلہ لیا ہو تو وہ بورڈ سے اس امر کی منظوری حاصل کرنے کے لیے (i) لیٹ ایڈمیشن فارم (ii) لیٹ ایڈمیشن فیس مبلغ-/500 روپے معہ-/700 روپے رجسٹریشن فیس (مع اصل بینک چالان) پرنسپل کی سفارشات کے بعد بورڈ کی منظوری کے لیے اس فارم کے ہمراہ ارسال کرے۔

8۔ فارم کے ساتھ اپنی سند/سرٹیفیکیٹ/رزلٹ کارڈ اور رجسٹریشن کارڈ کی تصدیق شدہ فوٹوسٹیٹ دفتر ہذا کو مہیا کریں۔

9۔ تبدیلی بورڈ کا سرٹیفکیٹ حاصل کرتے وقت ایسے امیدوار جنہوں نے موجودہ سال سے پہلے میٹرک کا امتحان پاس کیا ہو۔وہ درمیانی عرصہ کا بیان حلفی اشٹام پیپر پر جو کسی مجسٹریٹ یا گزیٹڈ افسر سے تصدیق شدہ ہو فارم ہذا کے ساتھ ارسال کریں کہ اُنہوں نے میٹرک کا امتحان پاس کرنے کے بعد انٹرمیڈیٹ کے کسی امتحان میں شرکت نہیں کی۔

10۔ تبدیلی بورڈ کا سٹیفکیٹ حاصل کرتے وقت ایسے امیدوار جو موجودہ سال سے پہلے کسی بھی امتحان میں فیل ہوئے ہوں وہ درمیانی عرصہ کا اشٹام پیپر پر کسی مجسٹریٹ یا گزیٹڈ افسر سے تصدیق شدہ بیان حلفی فارم ہذا کے ساتھ منسلک کریں کہ انہوں نے میٹرک/انٹرمیڈیٹ کے امتحان میں فیل ہونے کے بعد کسی بورڈ سے میٹرک/انٹر کا کوئی امتحان پاس نہیں کیا۔

11۔ بین صوبائی مائیگریشن/تبدیلی بورڈ سٹیفکیٹ کے اجراء پر بورڈ نے پابندی عائد کردی ہے تاہم ٹرانسفر کیسز اس پابندی سے مستثنیٰ ہونگے یا ایسے امیدوار جو کسی دوسرے صوبے کے لیے تبدیلی بورڈ (.N.O.C) کا حصول چاہتے ہوں تو وہ اشٹامپ پیپر مبلغ-/20 روپے پر رہائش کی تبدیلی کا بیان حلفی تصدیق شدہ مجسٹریٹ (درجہ اوّل) / گزیٹڈ آفیسر گریڈ 17/اوتھ کمشنر/نوٹری پبلک فارم ہذا کے ہمراہ منسلک کریں۔

12۔ درخواست فارم امیدوار خود اپنے ہاتھ سے پر کرے۔صرف وہی فارم قابل قبول ہوں گے جو ہر لحاظ سے مکمل ہوں گے نامکمل فارم امیدوار کو واپس کر دیا جائے گا۔امیدوار بلا تاخیر اپنا فارم مکمل کر کے دفتر ہذا کو ارسال کرے یا دستی جمع کروائے بصورت دیگر جمع شدہ فیس تین ماہ (90 ایام) گزر جانے پر ضبط ہو جائے گی اور (.N.O.C) کے لیے دوبارہ فیس جمع کروانا ہوگی۔

13۔ ایسے امیدواران جو صوبہ پنجاب میں واقع کسی بورڈ کے لیے اجازت نامہ برائے تبدیلی بورڈ حاصل کرنا چاہتے ہوں تو ان کے لازمی ہے کہ درخواست فارم کے ہمراہ دو عدد تصاویر منسلک کریں (ایک عدد تصویر تبدیلی بورڈ سٹیفکیٹ پر چسپاں کی جائیگی) جو امیدوار صوبہ پنجاب کے علاوہ تبدیلی بورڈ سرٹیفکیٹ کا حصول چاہتے ہوں وہ فارم کی مقررہ جگہ پر صرف ایک عدد تصویر چسپاں کریں۔